10/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

گنا کی کم وزن کو روکنے کے لیے محکمہ گنا نے کمر کسی

لکھنؤ:10 ردسمبر 2021

ریاست کے گنا کسانوں کے مفاد کے تحفظ کے لیے کمشنر گنا اور شکر جناب سنجے آر بھوس ریڈی نے پیرائی سیشن 22-2021 میں مل گیٹ اور گنا خریداری مراکز پر کم وزن کی بدیانتی کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لیے ضلع انتظامیہ اور محکمہ جاتی افسران کو کم وزن روکنے کے لیے وسیع ہدایت جاری کی ہے۔

اس ضمن میں معلومات فراہم کرتے ہوئے گنا کمشنر نے بتایا کہ گنا خرید مراکز فعال ہونے سے 15 دن قبل تول کلرکوں کے لائسنس متعلقہ ضلع مجسٹریٹ سے بنا کر شکر ملوں کو مہیا کرائے گئے ہیں۔خریداری مراکز پر گنا تول کرتے وقت تول کلرکوں کے ذریعہ لائسنس کے ساتھ شناختی کارڈ ضرور طور پر رکھنا ہوگا ،جن تول کلرکوں کے لائسنس جاری کیے گئے ان کا ڈاٹا فوٹو کے ساتھ محکمہ جاتی ویب سائٹ پر اپلوڈ کیے جانے کی کارروائی متعلقہ ڈپٹی کمشنر شکر کے ذریعہ کی جائے گی۔

گنا کمشنر کے ذریعہ مل گیٹ اور خریداری مراکز کا اچانک معائنہ کرائے جانے نیز ضلع وار ٹیم بنا کر اچانک معائنہ کرائے جانے کی ہدایت دی ہے جس سے کم وزن کی بدعنوانی کو ختم کیا جاسکے۔

☆☆☆☆☆